© rasailojaraid.com



قمر الحسنین

# زبان میری ہے بات ان کی

— بچوں کی پیدائش میں اضافہ روکا نہ گیا تو ایک دن کھانے کو بھی کچھ نہیں ملے گا (رانا نذیر)

تعجب ہے آج کا انسان، انسان کا رازق بن بیٹھا ہے۔

— بجیب کے لئے ہمارے گھر کا دروازہ کھلا ہے۔ (بیگم نسیم ولی خان)

آپ کے گھر سے ہی بھاگا ہوا لگتا ہے۔

— سکھیکی پولیس کا ماں بیٹی پر بر سر عام تشدد (ایک خبر)

رات کے تاریک سناٹوں کی پیداوار لوگ وردیاں پہنے ہوئے آ گئے ہیں پاکستان میں

— شکست خوردہ بزرگ سیاست دان نے حُقّے کی آواز پر جلترنگ شروع کر دی ہے۔ (ردائیں)

— ملک کی بدنصیبی ہے کہ مڈل پاس وزیر اعلیٰ اردو کی عالمی کانفرنس کی صدارت کر رہا ہے (نوابزادہ نصراللہ خان)

جواب درست ہے!

— ایم این اے سے اے ایس آئی تک سب کو پتہ ہوتا ہے کہ چور کون ہے! (گورنر پنجاب)

شاباش! اچھے گورنر یوں ہی سچ بولا کرتے ہیں۔

— آج کے حالات میں ایک اور بھٹو کی ضرورت ہے۔ (معراج خالد)

باقی ماندہ پاکستان کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے لئے۔

— اناؤنسر کا دوپٹہ سر کنے سے اسلام خطرے میں نہیں پڑتا۔ ہم کسی عالم یا مُلّاں کے بتائے ہوئے اسلام پر عمل نہیں کرتے۔ (نعیم چٹھہ۔ وزیر مملکت برائے بہبود خواتین)

قدرت کے انداز جدا ہیں رام دہائی رام دہائی خچر ہاتھی راہنما ہیں رام دہائی، رام دہائی

— میں عید والے دن جلد اٹھ جاتا ہوں اور کوشش کرتا ہوں کہ نماز نہ پڑھوں (مُنیر نیازی)

— غریب سے اس کا خدا مت چھینو، ایک امید تو ہے وہ بھی چھن جائے تو اس کے پاس کچھ بھی نہ رہے گا۔ (احمد فراز)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گنہگار واں چھوٹ جائیں گے سارے　　جہنم کو بھر دیں گے شاعر ہمارے

—— مسئلہ کشمیر : حکومت نے ولی خاں کی خدمات حاصل کر لیں ۔　(ایک خبر)

گدڑ کچریاں تے جمعدار ہویا　　اُٹھ گھلیا باغ لگا دنے لوں

—— افغانستان میں اسلام کی نہیں کرسی کی جنگ ہے ۔ وہاں بنیاد پرستوں کو اقتدار نہیں ملے گا (ولی خان)

آپ جیسے بے بنیاد لوگوں کو جلانے کے لئے پروفیسر عبدالرب رسول سیاف کی شاہانہ ڈاڑھی ہی کافی ہے۔

—— مجھے ڈنڈے نہیں پڑے　(شبیر بلور)

باقی سب کچھ ہوا۔

—— پنجابی گالیوں کی زبان ہے ۔　(میاں طفیل محمد)

اگر اس کا جواب دیا گیا تو کپورتھلہ جل اٹھے گا۔

—— غفار خان نے افغانستان میں دفن ہونے کا فیصلہ دونوں ملکوں کے اتحاد کے لئے کیا۔ (اجمل خٹک)

ہمت کرد ہمت ! تاریخ کی درستگی کا صحیح "نریکا" یہی ہے ۔ ویسے بھی "حقائق حقائق ہیں"!

—— حکمرانوں کے پاس میرے خلاف کچھ ہے تو اسے عدالت میں لائیں ۔　(کھر)

شرم وحیا والے کے لئے تہمینہ درانی کی کتاب "میڈا سائیں" ہی کافی ہے ۔

—— جے یو آئی ، اور جے یو پی نے "اسلامی جمہوری محاذ" کے نام سے نیا اتحاد قائم کر لیا۔　(ایک خبر)

بیڑے سنے ہے پان کو پالا رام دہائی　　دل میں ہے کچھ کالا کالا رام دہائی

---

اور اگر کسی موقعہ پر اجتہادی سہو ہو گیا تو حاکم حقیقی کی طرف سے آپ کو ٹوکا گیا۔　(بقیہ از صفحہ ۳۲)

لم نحرم ما احل اللہ لک (تحریم)

اے نبی! تم نے خدا کی حلال کی ہوئی چیز (شہد) کو نہ کھانے کا عہد کر کے اسے حرام کیوں کر لیا۔

پھر آپ نے کفارۂ قسم ادا کر کے اس عہد کو ختم کیا۔

رسول پاکؐ معصوم تھے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ سے کبھی کوئی گناہ، اخلاقی یا شرعی سرزد نہیں ہوا البتہ اگر کبھی کسی مصلحت کے تحت اجتہادی غلطی سرزد ہوئی تو وحی آسمانی نے اس کی اصلاح کر دی اور آپ کو اپنی حفاظت میں لے لیا۔

پھر ائمہ اہلِ بیت کے حق میں معصوم ہونے کا عقیدہ کیا معنی رکھتا ہے؟ کیا وہ اجتہادی غلطیوں سے بھی محفوظ تھے۔ تو پھر لازماً ان کا مقام نبوت سے بھی بلند ہو گیا اور درجۂ الوہیت تک پہنچ گیا۔

© rasailojaraid.com

اور اگر بشریت کے تقاضہ سے وہ حضرات اجتہادی سہو میں مبتلا ہوتے تھے تو پھر اس سہو و غلطی کی اصلاح